**فوری ریلیز کے لیے: 15/11/2022** ***گورنر KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے نیویارک میں رہنے والے بے گھر یوکرینیوں کے لیے معاونتی خدمات فراہم کرنے کے لیے $21.4 ملین کا اعلان کیا ہے***

### ***روسی حملے کی وجہ سے اپنے وطن سے بے گھر ہونے والے یوکرینیوں کی مدد کرنے والے 17 پناہ گزین خدمات فراہم کنندگان کی معاونت کے لیے وفاقی فنڈنگ***

### ***'یوکرین کے لیے متحد' پروگرام کے تحت تقریباً 14,000 یوکرینی باشندے ریاست نیویارک آئے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ان یوکرینی باشندوں کی مدد کے لیے 21.4$ ملین سے زیادہ کا فنڈ دیا گیا ہے جو روس کے فوجی حملے کے نتیجے میں اپنے ملک سے فرار ہو کر ریاست نیویارک میں عارضی طور پر دوبارہ آباد ہو گئے ہیں۔ نیویارک میں مقیم بے گھر یوکرینیوں کی امداد کے لیے اس فنڈ کو ریاست بھر میں پناہ گزینوں کی خدمات فراہم کرنے والے 17 ادارے استعمال کریں گے۔

"ہمیں ان لوگوں کا خیرمقدم جاری رکھنے پر فخر ہے جو روس کے مسلسل اور غیر منصفانہ پُرتشدد حملے کے نتیجے میں اپنے وطن سے فرار ہونے پر مجبور ہو گئے ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "امریکہ میں یوکرین کی سب سے زیادہ آبادی کے مسکن کے طور پر، نیویارک یوکرین کے لوگوں کے لیے اپنی حمایت پر قائم رہے گا۔ پناہ گزین خدمات فراہم کنندگان کے لیے یوکرینی خاندانوں کی اس دوران مناسب طریقے سے امداد کرنے کو ممکن بنانے میں یہ وفاقی فنڈنگ بہت اہم ہے کہ جب وہ یہاں ریاست نیویارک میں ایک نئی زندگی کے مطابق ڈھل رہے ہیں۔"

ایک اندازے کے مطابق، وفاقی حکومت کے یوکرین کے لیے متحد پروگرام کے ذریعے، روسیوں کے حملے کے بعد سے، 75,000 لوگ یوکرین سے امریکہ آئے ہیں، جن میں سے نیویارک میں تقریباً 14,000 لوگوں کی آمد ہوئی ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے بے گھر یوکرینیوں اور ان کے خاندان کے افراد کو دو سال تک امریکہ میں رہنے کی ایک راہ فراہم کی گئی ہے۔ شرکاء کا امریکہ میں کوئی معاونت کار ہونا ضروری ہے جو انہیں ان کے قیام کی مدت کے لیے مالی مدد فراہم کرے۔

امریکی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کے دفتر برائے پناہ گزین نو آباد کاری کی طرف سے، یہ نئی فنڈنگ، یوکرین کے لیے متحد کے ذریعے امدادی خدمات فراہم کرنے کی موجودہ کوششوں کی تکمیل کے لیے استعمال کی جائے گی۔ فراہم کی جانے والی معاونتی خدمات میں روزگار کی معاونت، کیس کا انتظام، مہارتوں کی تربیت، انگریزی بطور ثانوی زبان، اور جب ضروری ہو، ہاؤسنگ اور کھانے کی امداد وغیرہ شامل ہیں۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "ایک طویل عرصے سے دنیا بھر میں ظلم و ستم سے فرار ہونے والوں اور جنگ سے بے گھر ہونے والوں کے لیے، نیویارک امید کی ایک کرن بنا ہوا ہے۔ یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ جو لوگ یوکرین سے آئے ہیں ان کے پاس حفاظت اور استحکام تلاش کرنے کے لیے ضروری وسائل موجود ہوں گے۔ فنڈنگ وصول کرنے والی تنظیموں کو پناہ گزینوں اور تارکین وطن کو نئے گھر کے مطابق ڈھالنے اور کمیونٹی کے حصے کے طور پر ترقی کی منازل طے کرنے میں کامیابی کے ساتھ مدد دینے میں برسوں کا تجربہ حاصل ہے اور ان کی کوششوں پر ہم شکر گزار ہیں۔"

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "ہم یوکرین کے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہیں، خواہ انہیں روس کے بلا اشتعال، ہولناک حملے کے خلاف لڑنے کے لیے درکار مدد دینی ہو یا نیویارک میں اپنی زندگی بسر کرنے کے لیے مدد فراہم کرنی ہو۔ 21$ ملین کی یہ وفاقی امداد نیویارک میں یوکرین کے جنگی پناہ گزینوں کو بفلو اور راچیسٹر سے نیویارک شہر تک کمیونٹی گروپس سے مطلوبہ معاونت حاصل کرنے میں مدد دے گی۔ یوکرین کے عوام نے بہت بہادری سے جدوجہد کی ہے اور نیویارک اور امریکہ ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔"

**نمائندہ Jerrold Nadler نے کہا،** "میں بہت خوش ہوں کہ گورنر Hochul نیویارک میں بے گھر یوکرینی خاندانوں کی معاونت کے عمل میں مدد دینے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔ ان خاندانوں کو روزگار کے مواقع تک رسائی میں مدد فراہم کرنے کے لیے یہ فنڈنگ بہت زیادہ کارآمد رہے گی اور اس سے انہیں اپنے دسترخوان پر کھانا فراہم کرنے اور اپنے سروں پر چھت قائم رکھنے میں مدد ملے گی۔ چونکہ روس نے یوکرین میں نفرت انگیز مظالم کا ارتکاب جاری رکھا ہوا ہے، تو ہمیں سب سے زیادہ متاثرہ افراد کی مدد کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھنی چاہیئے۔"

اس سال کے آغاز میں، گورنر نے ایک ایگزیکٹیو آرڈر کا اعلان کیا تھا تاکہ ریاستی اداروں اور حکام کو روس میں کاروبار کرنے والے اداروں کے ساتھ معاہدہ کرنے سے منع کیا جائے۔ مارچ میں، گورنر Hochul نے روس کے خلاف پابندیوں کے نفاذ کے لیے محکمہ برائے مالیاتی خدمات کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کا اعلان کیا تھا ، جس میں اضافی بلاک چین اینالیٹکس ٹیکنالوجی کی تیزی سے خریداری بھی شامل ہے۔ فروری میں، گورنر Hochul نے تمام ریاستی اداروں اور حکام کے لیے حکم جاری کیا کہ وہ روس سے عوامی فنڈز نکال لیں اور روسی کمپنیوں کے ساتھ کاروبار کرنا بند کر دیں۔

گورنر نے یوکرینیوں کے لیے وسائل کی حامل اور اس بارے میں طریقہ کار پر مشتمل ایک ویب سائٹ بھی لانچ کی ہے کہ نیویارک کے لوگ کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل پناہ گزین خدمات کے فراہم کنندگان کو فنڈنگ سے نوازا گیا ہے:

| تنظیم | مقام | رقم |
|---|---|---|
| امریکی کمیٹی برائے پناہ گزین اور تارکینِ وطن | Albany | $382,143 |
| کیتھولک چیریٹیز آف لانگ آئیلینڈ | Amityville | $1,775,841 |
| کیتھولک چیریٹیز آف بفلو | Buffalo | $300,000 |
| انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف بفلو | Buffalo | $300,000 |
| جرنیز اینڈ رفیوجی سروسز | Buffalo | $300,000 |
| جیوش فیملی سروسز آف WNY | Buffalo | $300,000 |
| انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی | New York City | $3,377,068 |
| کیتھولک چیریٹیز کمیونٹی سروسز | New York & Hudson Valley | $4,904,034 |
| کامن پوائنٹ کوئینز | Queens | $3,377,068 |
| CAMBA | Brooklyn | $3,377,068 |
| کیتھولک چیریٹیز فیملی اینڈ کمیونٹی سروسز | Rochester | $776,328 |
| ورلڈ ریلیف | Rochester | $776,328 |
| انٹر فیتھ ورکس آف سینٹرل نیویارک | Syracuse | $300,000 |
| کیتھولک چیریٹیز آف اونونڈاگا کاؤنٹی | Syracuse | $300,000 |
| رفیوجی اینڈ امیگرنٹ سیلف امپاورمنٹ | Syracuse | $300,000 |
| دی سینٹر | Utica | $300,000 |
| امریکن سوک ایسوسی ایشن | Binghamton | $300,000 |

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418